Member AKNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com

dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

جلد02	جمعرات 30 نومبر 2023ء 15 جمادی الاول 1445ھ 17 مگھر 2080	صفحات04 / قیمت20روپے	شمارہ نمبر224

جامعہ پونچھ طلبہ کی قومی نمائش میں شرکت آزاد کشمیر میں زیتون کاشت پر تبادلہ خیال

نمائش کا اہتمام آئل سیڈ ڈیپارٹمنٹ نے زیتون درخت کے عالمی دن پر کیا، غیر ملکی سائنسدانوں نے مقالات پیش کیے

کم زرخیز زمینوں کی آبادکاری کیلئے کسانوں کو تکنیکی معاونت فراہم کرنا ہوگی، ڈاکٹر شاہد اقبال، طلبہ اور اساتذہ کی واک

اسلام آباد (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر کے طلبہ اور اساتذہ نے اسلام آباد میں پاکستان آئل سیڈ ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام "پاک آلیو نیشنل گالا 2023ء" میں شرکت کی۔ آلیو گالا میں قومی اور بین الاقوامی سائنسدانوں نے تحقیقی مقالات پیش کیے۔ (بقیہ 3 2 صفحہ 3 0 پر)

اسلام آباد، جامعہ پونچھ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر کے طلبہ کا پاک آلیو نیشنل گالا میں ڈاکٹر شاہد اقبال اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

نمائش میں شریک جامعہ پونچھ کے اساتذہ و پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال، ڈاکٹر محمد ریاض نے ملکی اور غیر ملکی محققین سے آزاد کشمیر میں زیتون کی کاشت اور سائنسدانوں کی معاونت پر تبادلہ خیال کیا۔ ماہرین نے آزاد کشمیر کی زمین کی کاشت کیلئے موزوں قرار دیتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ طلبہ نے زیتون پر عصر حاضر میں ہونیوالی تحقیق سے استفادہ حاصل کیا جبکہ طلبہ نے نمائش میں موجود زیتون سے تیل کشید کرنے والی مشینری، زیتون سے بنی اشیاء خوردونوش، زیتون کی کاشت کیلئے استعمال ہونیوالی کھادوں، کیڑے مار ادویات نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ نمائش میں چیف لائبریرین خورشید قاسم نے بھی شرکت کی۔ نمائش کے اختتام پر زیتون کی کاشت کے حوالے سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر کی کم زرخیز زمینوں کی آبادکاری کیلئے زیتون کی کاشت اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ کسانوں کو زیتون کی کاشت کی جانب راغب کرنے کیلئے آگاہی اور تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہوگی۔